ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((433

29.07.2022

بہاول پور()ایس پی انوسٹی گیشن ارسلان زاہد کی ڈی پی او دفتر میں کھلی کچہری، متعدد شہریوں کی شرکت، متعلقہ افسران کو درخواستوں پر کارروائیوں کے احکامات جاری، ڈی پی او کی ہدایت پر ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی اپنے علاقہ میں کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل جاری، عوام کو انصاف فراہم کرنا پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، ڈی پی او۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب فیصل شاہکار اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کی کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او کی ہدایت پر ایس پی انوسٹی گیشن ارسلان زاہد کی ڈی پی او دفتر میں کھلی کچہری، متعدد شہریوں نے شرکت کی۔ انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو آن کال لیتے ہوئے درخواستوں پر دیئے گئے ٹائم میں دادرسی کرتے ہوئے واپسی رپورٹ بھجوانے کے احکامات جاری کیے۔ جبکہ آئی جی پنجاب اور ڈی پی او کی ہدایت پر اوپن ڈور پالیسی کے تحت اور شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کے حوالے سے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے علاقہ کی مساجد میں جمعۃ المبارک کے روز کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل جاری رکھا ہوا ہے، پولیس افسران نے مساجد میں موجود شہریوں کے پولیس سے متعلقہ مسائل تفصیل سے سنے اور میرٹ پر انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری کے حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ مساجد میں کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل اسی طرح جاری رہے گا تاکہ شہریوں کے مسائل کو ان کی دہلیز پر سنا اور حل کیا جا سکے، آئی جی پنجاب کی ہدایت پر ضلع کے تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز اپنے اپنے دفاتر شام 03 سے 06 بجے تک شہریوں کے مسائل سن کر حل کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو انصاف فراہم کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے، جس پر تمام فیلڈ افسران عمل پیرا ہیں۔ عام آدمی کی دہلیز تک انصاف کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور()ایس پی انوسٹی گیشن ارسلان زاہد کی ڈی پی او دفتر میں، دوسری طرف ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی اپنے علاقہ کی مساجد میں شہریوں کے مسائل سنتے ہوئے

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((434

29.07.2022

بہاول پور()جمعتہ المبارک کے روزایس ڈی پی اوزاورایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اورامام بارگاہوں کے وزٹ،سیکیورٹی ڈیوٹی کوچیک کیا،ملکی صورتحال کے پیش نظرڈیوٹی پرماموراہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی،ہم الرٹ رہیں گے توشرپسندعناصراپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکیں گے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹرجنرل آف پولیس پنجاب فیصل شاہکار، ایڈیشنل انسپکٹرجنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹراحسان صادق کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوزنے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوزنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجداورامام بارگاہوں کی سیکیورٹی ڈیوٹی پر ماموافسران واہلکاران کوچیک کیا۔سیکیورٹی اہلکاروں کے پاس موجوداسلحہ اورحفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کوالرٹ رہ کرڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی اوعبادت نثار نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کواحساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صوتحال کے پیش نظر شرپسند عناصر پر کڑی نظررکھیں اورالرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے توشرپسندعناصراپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہوسکے گے،انہوں نے ایس ڈی پی اوز اورایس ایچ اوز کواپنے اپنے ایریا میں مؤثرگشت اورسیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:جمعتہ المبارک کے حوالے پولیس کے جوان مساجد پرڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔